اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

کتاب کے بارے میں:

"آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" (حصہ اول و حصہ دوم) میں نہایت آسان انداز میں قرآن کو تجوید کے ساتھ پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے۔ان کتابوں کو پہلی کلاس اور دوسری کلاس میں بتدریج پڑھایا جاسکتا ہے۔ "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" (حصہ دوم) ان طلبہ کے لیے ہے جو اس کتاب کا حصہ اول پڑھ چکے ہیں یعنی جو حروف تہجی اور حرکات کو پڑھ چکے ہیں۔ یہ کتاب اس انداز میں مرتب کی گئی ہے کہ اسکولی نصاب سے موافقت رہے اور پورے تعلیمی سال میں اسے پڑھایا جاسکے،ضرورت پڑنے پر اسے بڑی کلاس کے طلبہ کو بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔

جو لوگ کم وقت میں اور آسان انداز میں تجوید کے اصول و قواعد کا اعادہ کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے اس کتاب کا پہلا اور دوسرا حصہ "تجوید کا معاون نصاب" ثابت ہوسکتا ہے۔

یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے:

- پہلے حصہ میں "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" موجود ہے۔
- دوسرے حصہ میں اسلامیات شامل ہے۔

حصہ اول: سبق نمبر: 34 سے سبق نمبر: 50 تک تجوید کے قواعد سکھائے گئے ہیں۔ان اسباق کے تحت ضروری مشقوں کے ذریعہ طلبہ میں صوتی و بصری ذخیرۂ الفاظ کو تیار کیا جاتا ہے۔

ٹیچر گائڈ میں قرآن لیب کی سرگرمیاں بھی دی گئی ہیں۔سبق کے اعتبار سے دی گئی سرگرمیاں سیکھے ہوئے مضمون کو پختہ کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ان سرگرمیوں سے طلبہ کا سیکھنے کے عمل میں مشغول رہنا اور معیاری تعلیم کا حاصل کرنا ممکن ہوتا ہے۔

حصہ دوم: اس میں اسلامیات کے عنوان پر آسان اور سہل انداز میں اسباق دیے گئے ہیں، ہر سبق میں یہ مضامین شامل ہیں: عقائد، دعا، حدیث، اخلاق، سیرت، قرآن۔ان مضامین کا انتخاب اس طرح کیا گیا ہے کہ طلبہ کو روزانہ کی زندگی سے مانوس لگیں اور عمل کرنے اور سمجھنے کے اعتبار سے آسان محسوس ہوں۔ روزانہ پڑھی جانے والی سورتیں، دعائیں اور کے اذکار زبانی یاد کروانے کا اہتمام کیا جائے۔

کورس کی ترتیب و تنظیم:

1. اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے ہفتہ بھر میں کم از کم چار تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2. بہتر یہ ہے کہ انڈر اسٹینڈ قرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر یہ کورس پڑھائے، ٹیچر ٹریننگ کی سند کے تعلق سے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
3. یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔
4. یہ کورس ٹیکسٹ بک، ورک بک، پریزینٹیشن، ویڈیوز، پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5. سیکھنے کے عمل کو بڑھانے اور طلبہ کو مشغول رکھنے کے لیے قرآن لیب کی سرگرمیاں (activities) اس نصاب کا حصہ ہیں۔
6. مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: www.understandquran.com/teacher_resources.html

یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس کورس کے لیے تیس ہفتے (3 پیریڈ/ہر ہفتہ) مخصوص کیے جائیں۔ یہاں سالانہ شیڈول کا ایک نمونہ دیا جارہا ہے۔

سبق: 34 تا سبق: 50 میں ہر سبق کے لیے ہر ہفتہ میں چار پیریڈ مطلوب ہیں۔ پہلے دو پیریڈ میں تشریح اور مشق ہو جبکہ تیسرے اور چوتھے پیریڈ میں قرآن لیب کی سرگرمیاں، لکھنے کی مشق اور دیگر تعلیمی سرگرمیاں کروائی جائیں۔ — مجموعی پیریڈ: 64 پیریڈ

اسلامیات (8 اسباق – ہر سبق کے لیے 2 پیریڈ) — مجموعی پیریڈ: 16 پیریڈ

اعادہ (24 پیریڈ) — مجموعی پیریڈ: 24 پیریڈ

کوئز، امتحان (16 پیریڈ) — مجموعی پیریڈ: 16 پیریڈ